فوری ریلیز کے لیے: 19/7/2022 گورنر KATHY HOCHUL

گورنر HOCHUL کا نئے شدید بحرانی استحکام کے مراکز تیار کرنے کے لیے75$ ملین کے ایوارڈز کا اعلان

سہولیات بحران میں لوگوں کو فوری امداد فراہم کرتی ہیں، ہنگامی نگہداشت کے لیے ہسپتال جانے اور اعلٰی سطح کی دیکھ بھال کی ضرورت سے بچنے میں مدد کرتی ہیں

گورنر Kathy Hochul نے آج ریاست بھر میں نو نئے شدید بحرانی استحکام کے مراکز (Intensive Crisis Stabilization Centers) بنانے کے لیے75$ ملین تک کے فنڈنگ انعامات کا اعلان کیا ہے جو کسی بھی بالغ، بچے یا نوعمر کی مدد کریں گے جو رویے سے متعلق صحت کے بحران کا سامنا کر رہے ہیں۔ یہ مراکز ایک محفوظ اور خوش آئند ماحول میں روزانہ 24 گھنٹے، ہفتے میں سات دن، تشخیص، دیکھ بھال اور علاج فراہم کریں گے۔

"میری انتظامیہ ایک مضبوط اور جامع کرائسس ریسپانس سسٹم تیار کر رہی ہے جو ایسے لوگوں کو فوری مدد فراہم کرے گا جنہیں رویے سے متعلق صحت کے بحران کے لیے فوری دیکھ بھال کی ضرورت ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "یہ بحرانی استحکام کے مراکز ہر دن سارا دن واک-اِن دیکھ بھال فراہم کریں گے، اور لوگوں کو ایک محفوظ اور خوش آئند جگہ پر جذباتی بحران سے نمٹنے کے قابل بنائیں گے۔"

"ہم بچوں اور نوجوان بالغوں میں رویے کے مسائل کی زیادہ سے زیادہ بڑھتی ہوئی تعداد کو دیکھ رہے ہیں، جو جب مناسب طریقے سے علاج کیا جائے، تو اکثر اس شخص کے لیے نمٹنے کے قابل بن سکتا ہے،" **لیفٹیننٹ گورنر Antonio Delgado نے کہا۔** "نئے شدید بحرانی استحکام کے مراکز ایسے لوگوں کو علاج کے لیے مناسب جگہ فراہم کریں گے جو رویے سے متعلق صحت کے بحران کا سامنا کر رہے ہیں، بجائے اس کے کہ وہ ہسپتال کے لیے زیادہ ضروری بیڈز کو لے سکیں۔"

یہ مراکز، جو آفس آف مینٹل ہیلتھ اور آفس آف ایڈکشن سروسز اینڈ سپورٹس کے زیرِ اختیار تیار کیے جائیں گے، ہر اس فرد کی مدد کریں گے جو شدید ذہنی صحت یا نشے کے استعمال کے بحران کا سامنا کر رہے ہیں۔ اہم ضروری اور فوری علاج باشندوں کو ان کے بحران سے نمٹنے اور انہیں اعلٰی سطح کی دیکھ بھال اور بلاوجہ ہنگامی نگہداشت کے لیے ہسپتال جانے کی ضرورت پڑتے رہنے سے دور کرنے میں مدد کرے گا۔ مراکز باشندوں کو درکار معاونت حاصل کرنے کو یقینی بنانے کے لیےریفرل اور فالو-اپ خدمات کے علاوہ ہم مرتبہ اور بحالی پر مبنی امدادی خدمات فراہم کریں گے۔

آفس آف مینٹل ہیلتھ کی کمشنر Dr. Ann Sullivan نے کہا، "نیو یارک کے کمزور باشندوں کی مدد کے لیے گورنر Hochul کے عزم نے OMH کو نیو یارک کے ذہنی صحت کے تحفظ کے جال کو مضبوط کرنے کے قابل بنایا ہے۔ ان کا ایگزیکٹو بجٹ اور انہوں نے جو اقدامات نافذ کیے ہیں وہ بحران میں گھرے افراد اور خاندانوں کا فوری اور مؤثر طریقے سے علاج کرنے کے لیے درکار وسائل فراہم کریں گے۔ نئے استحکامی مراکز، نئی موبائل بحرانی ٹیموں، بحرانی رہائشی پروگراموں اور دیگر کمیونٹی خدمات کے ساتھ مل کر رویے کے صحت کے بحران کا سامنا کرنے والے لوگوں کو فوری طور پر امداد دینے کی ہماری صلاحیت میں مدد اور اضافہ کریں گے۔"

OASAS کے کمشنر Chinazo Cunningham نے کہا، "ذہنی صحت یا نشے کے استعمال کے بحران کا سامنا کرنے والے افراد کو، بہترین طریقے سے جو ان کے لیے کام کرتا ہے، جلد از جلد مدد کے لیے مربوط ہونے کی ضرورت ہے، اکثر، انہیں معمول کے کاروباری اوقات کے بعد خدمات سے رابطے کی ضرورت ہوتی ہے۔ یہ شدید بحرانی استحکام کے مراکز دن یا رات کے کسی بھی وقت بحران میں گھرے افراد کو خدمات سے مربوط کرنے کی ہماری جاری کوششوں کو مزید فروغ دیں گے، اور نیو یارک کی ریاست کے تمام علاقوں میں لوگوں کو فوری مدد پہنچانے کے ہمارے خیال کی حمایت کریں گے۔"

سینیٹر Chuck Schumer نے کہا، "نیو یارک کے بہت سے باشندے ذہنی صحت کے مسائل کی تکلیف خاموشی سے اٹھا رہے ہیں اور وہ اپنی ضرورت کی خصوصی دیکھ بھال حاصل کرنے کے لیے ایک جگہ کے مستحق ہیں۔ اسی لیے میں نے اس بات کو یقینی بنانے کے لیے سخت جدوجہد کی کہ وفاقی COVID ریلیف بلوں میں ذہنی صحت کے وسائل کے لیے تاریخی اضافہ شامل ہو۔ اب اس وفاقی سرمایہ کاری کی بدولت، نیو یارک بھر کے علاقوں کو 9 نئے شدید بحرانی استحکام کے مراکز تک رسائی حاصل ہو گی تاکہ ان کمیونٹیز میں فرنٹ لائنز پر ذہنی صحت کے بحران کا مقابلہ کیا جا سکے جنہیں اس کی سب سے زیادہ ضرورت ہے۔"

اسٹیٹ سینیٹر، سینیٹ کمیٹی برائے شراب نوشی اور منشیات کے استعمال کے چیئر Pete Harckham نے کہا، "سنگین رویے کی صحت اور نشے کے استعمال کی خرابی کے مسائل کے ساتھ رہائشیوں کی مدد اور امدد کرنے کا واحد طریقہ یہ ہے کہ جب انہیں ضرورت ہو تو مناسب وسائل دستیاب ہوں۔ خاص طور پر ان دباؤ کے اوقات میں، ریاست بھر میں نو نئے کمیونٹی پر مبنی بحرانی استحکام کے مراکز کھولنا بحران کے خاتمے کے لیے ایک انتہائی ضروری سرمایہ کاری ہے۔ میں اس اقدام کی بھرپور حمایت کے لیےگورنر Hochul اور ریاستی مقننہ میں اپنے ساتھیوں کی دل سے تعریف کرتا ہوں۔"

اسٹیٹ سینیٹر Samra Brouk نے کہا، "سینٹ کی مینٹل ہیلتھ کمیٹی کی چیئر کی حیثیت سے میری توجہ نیو یارک کی ریاست میں ذہنی صحت اور مادے کے استعمال کے بحران کے ردعمل کو تبدیل کرنے پر مرکوز رہی ہے۔ ہماری کمیونٹیز میں شدید بحرانی استحکام کے مراکز کو تیار کرنے کے لیے آج کی سرمایہ کاری کے ساتھ، نیو یارک تبدیلی لانے والی تبدیلی کے لیے اپنی وابستگی کا مزید مظاہرہ کر رہا ہے تاکہ جن لوگوں کو مدد کی ضرورت ہے ان کی ہمدردانہ، طبی طور پر آگاہی، علاج کے لیے آگے کی دیکھ بھال کی جائے۔ میں روچیسٹر کے یونٹی ہسپتال میں اپنی کمیونٹی کے نئے شدید بحرانی استحکام کے مرکز کا خیرمقدم کرنے اور ڈینیئل کے قانون کی منظوری کے ساتھ اس پیشرفت کو آگے بڑھانے کی منتظر ہوں—جو کہ نظامی ذہنی صحت کے بحران کی اصلاح کے لیے ایک اہم گمشدہ ٹکڑا ہے۔"

مراکز کے لیے فنڈنگ میں فیڈرل سپلیمینٹل کمیونٹی مینٹل ہیلتھ سروسز بلاک گرانٹ کے ذریعے فراہم کردہ اسٹارٹ-اپ اخراجات کے لیےتقریباً $15 ملین شامل ہیں۔ OMH اور OASAS تین اضافی کرائسز انٹروینشن سینٹرز بنانے کے لیے دوسرا RFP جاری کریں گے، دو نیو یارک شہر میں اور ایک کیپیٹل ریجن میں۔ علاقے کے لحاظ سے انعام یافتگان کے پہلے دور میں شامل ہیں:

<u>New York City</u>
PROMESA; 1776 Clay Ave, Bronx, NY

<u>Long Island</u>
Central Nassau Guidance and Counseling Services; 950 Oyster Bay Rd., Hicksville, NY

<u>Mid-Hudson</u>
Samaritan Daytop Village; 950 Route 45, Pomona, NY

<u>Finger Lakes</u>
Unity Hospital; 89 Genesee Street Rochester, NY

Western NY
BestSelf Behavioral Health; 430 Niagara Street Buffalo, NY

Southern Tier
CASA - Trinity; Church and Judson Street Elmira, NY

Central NY
Helio Health; 329 North Salina St., Syracuse, NY

North Country
Champlain Valley Family Center for Drug Treatment and Youth Services; 14 Dormitory Drive, Plattsburgh, NY

Mohawk Valley
Neighborhood Center; 344 South Washington St., Herkimer, NY

اگرچہ مراکز OMH اور OASAS کے ذریعہ مشترکہ طور پر تصدیق شدہ ہوں گے، لیکن وہ ان کمیونٹیز کے تعاون سے تیار کیے جائیں گے جن کی وہ خدمت کرتے ہیں، جن میں مقامی ذہنی حفظان صحت ڈائریکٹرز، اسکول، کمیونٹی ہیلتھ کیئر فراہم کنندگان، قانون نافذ کرنے والے ادارے اور دیگر شناخت شدہ کمیونٹی اسٹیک ہولڈرز شامل ہیں تاکہ جاری خدمات اور پیروی کے ساتھ دیکھ بھال کا جامع تسلسل فراہم کیا جاسکے۔

یہ مراکز نیو یارک کی ریاست کے جامع بحرانی ردعمل کے نظام کا ایک اہم حصہ ہوں گے جو تمام نیو یارک کے باشندوں کے لیے دستیاب ہے، چاہے رہائش کا مقام یا ادائیگی کی صلاحیت کچھ بھی ہو۔ شدید بحرانی استحکام کے مراکز کے علاوہ، OMH اور OASAS امدادی بحرانی استحکام کے مراکز بھی تیار کر رہے ہیں، جو ان افراد کو خدمات فراہم کریں گے جو روزمرہ کی زندگی میں چیلنجز کا سامنا کر رہے ہیں جو آن-سائٹ سپورٹ کے بغیر خراب ہو سکتے ہیں۔ دونوں ایجنسیوں نے حال ہی میں نیو یارک ریاست میں [12 نئے امدادی بحرانی استحکام کے مراکز تیار کرنے کے لیے ایک RFP جاری کیا]۔

گورنر نے نیو یارک کی ریاست میں 988 کرائسز لائف لائن کو نافذ کرنے کے لیے دو سالوں کے دوران $95 ملین (FY 2022-23 میں $35 ملین اور FY 2023-24 میں $60 ملین) کی فنڈنگ بھی مختص کی۔ روپے کے بحران کا سامنا کرنے والے افراد تربیت یافتہ کونسلر سے رابطہ قائم کرنے کے لیے 988 لائف لائن (یا 988lifeline.org ویب سائٹ پر چیٹ فیچر استعمال کریں) پر کال یا ٹیکسٹ کرسکتے ہیں جو ان کی فوری ضروریات کو پورا کرسکتا ہے اور انہیں جاری دیکھ بھال سے مربوط کرنے میں مدد کرسکتا ہے۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418